4925CH08

حمد

حمد میں اللہ کی تعریف، توصیف اور عظمت بیان کی جاتی ہے۔ حمد کے لیے ہیئت کی کوئی قید نہیں ہے۔ بیشتر شعرا کے کلام کے مجموعوں کا آغاز حمد کے اشعار ہی سے ہوتا ہے۔

اردو شاعری کی تاریخ میں حمد کا آغاز دکن سے ہوتا ہے۔ بعد میں تقریباً تمام شعرا نے حمدیہ نظمیں لکھی ہیں۔ عصر حاضر کے شعرا نے بھی حمد گوئی پر خصوصی توجہ دی ہے۔

مناجات بھی حمد ہی کا حصہ ہے۔ اردو میں مناجاتی شاعری سے مراد ہے ذاتِ باری تعالٰی کے حضور بندے کی عرض داشت اور التجا اور اس کے حضور اپنی خواہش، تمنّا اور دعا کا اظہار کرنا۔

جگ میں آکر ادھر اُدھر دیکھا تو ہی آیا نظر، جدھر دیکھا
مرا جی ہے جب تک، تری جستجو ہے زباں تب تلک ہے، یہی گفتگو ہے
تمنّا ہے تیری، اگر ہے تمنا تری آرزو ہے، اگر آرزو ہے
دل بھی تیرے ہی ڈھنگ سیکھا ہے آن میں کچھ ہے، آن میں کچھ ہے

(دردؔ)